ایک مفید مضمون ہے۔ اور "سورج دیوتا" ڈاکٹر سعید احمد بریلوی کی علمی کاوش ہے، اور بہت پر مغز۔ افسانہ نگاروں میں انصار ناصری، فضل حق قریشی، اور شعراء میں بیخود دہلوی، جوش ملیح آبادی، اور فراق گورکھپوری جیسے حضرات نمایاں نظر آتے ہیں مجموعی حیثیت سے یہ رسالہ اچھا ہے، لیکن ضرورت ہے کہ اسمیں زیادہ سے زیادہ تنوع پیدا کیا جائے کیونکہ رسالہ کا اصل مقصد اسیطرح کامیابی حاصل کرے گا۔

"م"

"مسافر" مراد آباد ارا کین ادارہ :- کوکب مراد آبادی۔ رئیس امروہی۔ عادل ادیب مراد آبادی تقطیع ۲۰×۳۰/۸ صفحات ۸۸۔ قیمت سالانہ دو روپے۔ مقام اشاعت، مسافر خانہ اسلامیہ مراد آباد، کاغذ معمولی، کتابت طباعت متوسط۔

یہ ایک ادبی ماہنامہ ہے جو چند ادب دوست اور باہمت نوجوانوں کی متحدہ کوششوں سے جاری ہوا ہے، قریب قریب اسکے تمام مضامین ارکان ادارہ کی رنگینئ طبع کا اظہار کرتے ہیں، اور عام ذوق و دلچسپی سے بہت قریب ہیں، رسالہ میں تنوع پیدا کرنے اور دلچسپیوں کو بڑھانے کے لئے اس کا عملہ ادارت ہمیشہ کوشاں رہتا ہے، اور نثر و نظم دونوں میں ہی اس کا خیال رکھا جاتا ہے۔ کچھ عرصہ سے اس کے آخر میں ماہنامہ "صنف نازک" بھی شامل کر دیا گیا ہے، جو پہلے عنایت مجید بیگم کے زیر ادارت لاہور سے شایع ہوتا تھا۔

ہم نہایت خلوص کے ساتھ ارباب مسافر سے گذارش کریں گے کہ وہ ٹھنڈے دل کے ساتھ غور و فکر سے کام لیکر اپنے جریدے کو "رسوائے عالم شبابیات" سے بچائیں، اور صرف وہ مضامین مسافر میں شائع کریں جو نوجوانوں میں صحیح معنی میں ذہنی ارتقا کے ساتھ فکری و عملی بیداریاں پیدا کرنے کے اہل ہوں، وقت کی ضرورتوں کو پہچاننا اور اپنے فرائض کو سمجھنا ہی انسانی زندگی کی قیمتوں کو بلند کرتا ہے اور "دماغی عیاشیاں" انسان کو تباہیوں کے سب سے گہرے غار میں پھینک دیتی ہیں، ہمیں توقع ہے کہ ہماری اس مخلصانہ گذارش کی طرف توجہ دی جائیگی۔

"م"